# ۱۶۔ صفائی

صفائی سے ہر چیز میں آئے جان
صفائی بڑھاتی ہے ہر شے کی شان

صفائی سے لگتا ہے اچھّا بدن
صفائی بناتی ہے گھر کو چمن

صفائی سے کپڑوں پہ آئے بہار
صفائی سے برتن رہیں آب دار

صفائی سے سونے پہ آئے چمک
صفائی سے لوہے میں آئے دَمک

صفائی سے بیمار ہو تندرست
صفائی بناتی ہے کاہل کو چُست

صفائی نہ ہو تو عبادت نہ ہو
صفائی بڑھاتی ہے ایمان کو

گھروں میں جو اپنے صفائی رکھیں
تو بیماریاں دور ان سے رہیں

(ماخوذ)

## مشقی سرگرمیاں

❁ دیکھو، پڑھو، لکھو۔

صفائی (صَ-فا-ئی) ..........................
چمن (چَ-مَ-ن) ..........................
بہار (بَ-ہا-ر) ..........................
آب دار (آ ب-دا-ر) ..........................
عبادت (عِ-با-دَت) ..........................

❁ نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب ایک لفظ میں لکھو۔

۱) ہر شے کی شان بڑھانے والی چیز کا نام بتاؤ۔
۲) صفائی گھر کو کیا بناتی ہے؟
۳) صفائی سے کیا چمکنے لگتا ہے؟
۴) صفائی کاہل کو کیا بناتی ہے؟
۵) صفائی سے کیا بڑھتا ہے؟



❁ نیچے دی ہوئی خالی جگہ میں ایک جیسی آواز والے لفظ لکھو۔

جیسے

| | | |
|---|---|---|
| چمن | چمک | چست |
| بدن | ............ | ............ |

❁ نظم میں جن چیزوں کی صفائی کے بارے میں بتایا گیا ہے، ان کے نام لکھو جیسے بدن

❁ نظم سے نیچے دیے ہوئے اُلٹ لفظ تلاش کر کے لکھو۔


گندگی × .................. بیمار × ......................... کاہل × ..................

❁ نیچے دیے ہوئے کام کرنے والوں کے نام لکھو۔

- کپڑے دھونے والا
- علاج کرنے والا
- زیور بنانے والا
- لوہے کی چیزیں بنانے والا
- باغ کی دیکھ بھال کرنے والا
- کھیتی کرنے والا

❁ صحیح جوڑیاں لگاؤ۔

گھر کی صفائی



کپڑوں کی صفائی




بدن کی صفائی



میز کی صفائی



دانتوں کی صفائی



۞ اس نظم میں ایک لفظ 'تندرست' آیا ہے۔اس کے حروف کی مدد سے ہم بہت سے لفظ بنا سکتے ہیں جیسے : درست، در وغیرہ۔اسی لفظ کے حروف سے اور پانچ لفظ بناؤ۔

۞ "تم کیا کرنا چاہتے ہو؟" اس بارے میں پانچ جملے بولو۔

۞ کون سا کچرا کس ڈبے میں ڈالیں گے؟




کاغذ کے ٹکڑے ،
پھلوں کے چھلکے ،
گھر کا ٹوٹا پھوٹا سامان ،
خراب ہوا کھانا ،
سبزیوں کے ڈنٹھل




۞ تصویر دیکھ کر اچھّی عادتوں کے آگے ✓ اور بُری عادتوں کے آگے ✗ نشان لگاؤ۔











LGT1CM